اہمیت موضوع کے تنوع اور مؤلف کے مقصد کے لحاظ سے چشم کشا ہے البتہ اگر کمپوزنگ میں کتابت ذرا جلی حروف میں کی جاتی تو بہتر ہوتا۔ اسی طرح کاغذ بھی اس بہترین کتاب کیلئے مناسب نہیں لگایا گیا۔

کتاب: بزم منورہ (۵۔۶) افادات: حضرت مولانا منور حسین صاحب سواتی

ضخامت: (ہر دو جلد) ۴۸۰ صفحات قیمت: ۲۱۰ روپے

ناشر: القاسم اکیڈیمی جامعہ ابوہریرہ خالق آباد نوشہرہ

گوکہ سلسلہ نبوت حضرت خاتم الانبیا محمد مصطفی ﷺ پر اللہ تعالیٰ نے ختم فرمایا اور آپ کے بعد تا قیامت کوئی نبی یا رسول نہیں آئے گا' لیکن انبیاء کا چھوڑا ہوا ورثہ جو کہ تبلیغ و اصلاح ہے۔ یہ سلسلہ حشر تک جاری رہے گا۔ اور ہزاروں صلحاء و علماء بلغاء دنیا میں تشریف لائے' انہوں نے انسان کو اپنے حقیقی مربی و معبود سے رشتہ جوڑنے کا درس دیا' اور ان کی مساعی جمیلہ وانتھک کوششوں سے ایک عالم نور ایمان وضیائے عمل سے منور ہوا۔ چاردانگ عالم میں انہی روحانی اور نورانی نفوس قدسیہ کا فیض جاری ہے۔ زیر تبصرہ کتاب ترویج شریعت کی جدوجہد میں مصروف دیار غیر کی فضاؤں میں قال اللہ اور قال الرسولؐ کی صدائے حق کے علمبردار واعظ وخطیب اور محبوب مذہبی رہنما حضرت مولانا منور حسین صاحب سورتی مدظلہ دور حاضر کے جادو بیان واعظ اور بے مثال خطیب ہیں' ان کے مواعظ وارشادات اور اصلاحی خطبات کا مجموعہ ہے' جسے مولانا عبدالقیوم صاحب حقانی کے فرزند حافظ محمد قاسم نے ترتیب دیئے ہیں' بلاشبہ حافظ محمد قاسم مبارکباد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے اتنی کم عمری میں اتنا بڑا کام کیا' یہ سب کچھ ہمارے خیال میں اپنے والد گرامی قدر استاذ محترم مولانا عبدالقیوم حقانی کے فیضان نظر کی کرامت ہے۔

اس سے قبل انہیں اصلاحی خطبات کے چار حصے شائع ہو چکے ہیں' جس سے ایک دنیا استفادہ کر چکی ہے' اور اہل فکر ونظر نے ان کی انتہائی قدر دانی کی' اب پانچویں اور چھٹی جلد منظر عام پر آئی ہے' پانچویں جلد تمام تر سیرت طیبہ کی امتیازی شان جیسے روح پرور اور ایمان افروز عنوان پر مشتمل ہے' اور اس موضوع پر چار تقاریر اور خطبات ہیں۔ مولانا نے یہ خطبات عشق نبوی سے سرشار ہو کر دیئے ہیں اس لئے اس میں بلا کی تاثیر اور ایمانی حرارت وروحانی حلاوت ہے' جبکہ چھٹا حصہ ذیل عنوانات پر مشتمل ہے' اسلام میں پورے پورے داخل ہو جاؤ' اس عنوان کے تحت دو خطبات ہیں' مسلمانوں کی صفات قرآن کے آئینہ میں اس موضوع پر چار خطبات ہیں۔ جبکہ باقی تین خطبات اسلامی تاریخ کی ابتداء عاشورا کے فضائل اور قربانی کے فضائل پر مشتمل ہیں۔ ہر جلد کی ابتداء میں مولانا حقانی نے پیش لفظ تحریر فرمایا ہے جس میں خطبات کے ساتھ ساتھ صاحب خطبات کا بھی تذکرہ ہے' کتاب اسم باسمی ہے اور روح وقلب کی طراوت و تازگی کے لئے بہترین اکسیر' کتابت بذریعہ کمپیوٹر۔ اعلیٰ کاغذ وطباعت۔